حسین طلعت اور بسم اللہ خان نے بلوچستان کو یقینی شکست سے بچالیا

- دونوں کھلاڑیوں کے درمیان چھٹی وکٹ کے لیے 167 رنز کی شراکت
- محمد اصغر اور تاج ولی کےدفاعی انداز نے میچ کو بے نتیجہ ختم کرنے میں کلیدی کردارادا کیا
- سندھ اور خیبرپختونخوا کے درمیان بارش سے متاثرہ میچ بھی ڈرا ہوگیا

لاہور،7نومبر2019ء:

بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ میں کھیلا گیا بلوچستان اور سدرن پنجاب کے درمیان قائداعظم ٹرافی کےچھٹے راؤنڈ کا دلچسپ میچ بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگیا۔ بلوچستان کی جانب سے مڈل آرڈر بلے باز حسین طلعت اور وکٹ کیپر بیٹسمین بسم اللہ خان نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹیم کو یقینی شکست بچالیا۔ حسین طلعت نے سنچری اور بسم اللہ خان نے نصف سنچری اسکور کی۔ محمد اصغر اور تاج ولی نے آخری وکٹ کی شراکت میں 82 گیندوں پر 30قیمتی رنز جوڑے۔

میچ کے آخری روز فالو آن کا شکار بلوچستان کی ٹیم نے 2وکٹوں کے نقصان پر 30 رنزسےاپنی دوسری اننگز کادوبارہ آغاز کیا تو ٹاپ آرڈر مکمل طور پر ناکام ہوگیا۔ 44 کے مجموعی اسکور پربلوچستان کی آدھی ٹیم پویلین واپس لوٹ گئی، جس کے بعد حسین طلعت اور بسم اللہ خان نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 239 گیندوں پر 167 رنز بنائے۔ حسین طلعت نے 136 اور بسم اللہ خان نے 50 رنز کی اننگز کھیلی۔

دونوں کھلاڑیوں کے آؤٹ ہوتے ہی سدرن پنجاب کے باؤلرز نے یکے بعددیگرے 2 وکٹیں گراکر میچ کو دلچسپ بنادیا تاہم آخری وکٹ کے لیے محمد اصغر اور تاج ولی نے بھرپور دفاعی انداز اپنالیا۔ دونوں کھلاڑیوں نے 82 گیندوں پر 30 رنز بنائے۔بلوچستان کی ٹیم

دوسری اننگز میں 295 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔بلوچستان نے سدرن پنجاب کو 13 اوورز میں جیت کے لیے 89 رنز کا ہدف دیا۔

ہدف کے تعاقب میں سدرن پنجاب کی ٹیم نے 2.3 اوورز میں بغیر کسی نقصان کے 11 رنز بنائے تھے کہ دونوں کپتانوں کی باہمی رضامندی سے میچ کو بے نتیجہ ختم کردیا گیا۔

اس سے قبل سدرن پنجاب کے 502 رنز کے جواب میں بلوچستان کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں295 رنز پر آؤٹ ہوکر فالو آن کا شکار ہوگئی تھی۔

ادھر بارش کے باعث ایبٹ آبادکرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا سندھ اور خیبرپختونخوا کے درمیان میچ ڈرا ہوگیا۔ میچ کے دوسرے روز سندھ نےپہلی اننگز میں خیبرپختونخوا کے 288 رنز کے جواب میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 147 رنز بنائے تھے کہ بارش کے باعث میچ کے تیسرے اور چوتھے روز کے کھیل کا آغاز نہ کیا جاسکا۔ جمعرات کے روز آفیشلز نے میچ کو بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk